**19-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ کُل 49 حلقوں میں لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کیلئے سبھی انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ اڈیشہ اسمبلی انتخابات کا دوسرا مرحلہ بھی کل ہوگا۔

☆ باقی دو مرحلوں کیلئے انتخابی مہم پورے زور وشور سے جاری ہے۔

☆ وزیر اعظم اور سینئر BJP رہنما نریندر مودی نے جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں ریلیوں سے خطاب کیا۔ کانگریس رہنما راہل گاندھی اور SP کے لیڈر اکھلیش یادو نے اترپردیش میں عوامی جلسے کئے۔

☆ شمال مغربی بھارت شدید گرمی کی لپیٹ میں ہے۔ آج دلّی کے نجف گڑھ میں 47 اعشاریہ آٹھ ڈگری سلسیس درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ کیرالہ میں شدید بارش جاری ہے۔

☆ ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کو لے جانے والا ہیلی کاپٹر حادثے کا شکار ہوگیا ہے۔

☆ اور جاپان میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چیمپئن شپ میں، بھارتی جمپر Nishad Kumar نے چاندی کا تمغہ جبکہ رَنر پریتی پال میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## Eve Polling Fifth Phase

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کیلئے، 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام 2 علاقوں کی 49 لوک سبھا حلقوں میں کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اترپردیش کی 14 سیٹیں، مہاراشٹر کی 13، مغربی بنگال کی 7 نشستیں، اڈیشہ اور بہار میں پانچ-پانچ سیٹیں، جھارکھنڈ کی 3 سیٹوں اور جموں وکشمیر اور لداخ کی ایک-ایک سیٹ پر اِس مرحلے میں پولنگ ہوگی۔ ووٹنگ صبح 7 بجے شروع ہوگی اور شام 6 بجے اختتام پذیر ہوگی۔ اِس مرحلے میں جن سرکردہ امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ ہوگا اُن میں BJP کے لیڈر اور مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ، پیوش گوئل، اسمرتی ایرانی، کانگریس لیڈر

راہل گاندھی اور کے ایل شرما، نیشنل کانفرنس کے عمر عبداللہ اور LJP (رام ولاس) کے چراغ پاسوان شامل ہیں۔ 94 ہزار 732 پولنگ اسٹیشنوں پر 9 لاکھ 47 ہزار سے زیادہ پولنگ عملے کو تعینات کیا جائے گا۔

اڈیشہ قانون ساز اسمبلی کے 35 اسمبلی حلقوں کیلئے بھی کُل ووٹنگ ہوگی۔ اِس مرحلے میں 8 کروڑ 95 لاکھ مجاز رائے دہندگان ہیں، جن میں 4 کروڑ 69 لاکھ مرد رائے دہندگان، 4 کروڑ 26 لاکھ خاتون رائے دہندگان اور 5 ہزار 409 مخنث رائے دہندگان شامل ہیں۔

پیش ہے ہمارے نمائندے کی ایک رپورٹ............

VC Suparna Saikia

انتخابی کمیشن نے پولنگ اسٹیشنوں پر تمام انتظامات کرلئے ہیں۔ سایے دار جگہ، پینے کا پانی، ریمپس، بیت الخلاء، وھیل چیئر سے لے کر بجلی تک کی بنیادی سہولیات اس بات کو یقینی بنانے کیلئے فراہم کی گئی ہیں کہ بزرگ اور معذور افراد سمیت ہر ایک رائے دہندہ اپنا ووٹ آسانی کے ساتھ ڈال سکے۔

اعلیٰ انتخابی افسران، ضلعی انتخابی افسران اور ریاستی حکام کو اُن علاقوں میں گرم موسم کی صورتحال کے مطابق انتظام کرنے کیلئے مناسب اقدامات کرنے کی صلاح دی گئی ہے جن کے بارے میں گرم موسم کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ مجموعی طور پر 216 بین الاقوامی سرحدی چیک پوسٹ اور 565 بین ریاستی سرحدی چیک پوسٹ، شراب، منشیات، نقدی اور تحفے تحائف کے کسی طرح کے غیرقانونی بہاؤ پر سخت نگرانی رکھ رہی ہیں۔

ابھی تک پہلے چار مرحلوں میں، 23 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے 379 پارلیمانی حلقوں میں پولنگ پُرامن طور پر مکمل ہوگئی ہے۔ اِن انتخابات میں مجموعی طور پر تقریباً 66 اعشاریہ 95 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔

دلّی سے Suparna Saikia کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں کونین حیدر

## **Maha 5th Phase Polling**

مہاراشٹر میں پانچویں اور آخری مرحلے کی پولنگ کیلئے تمام انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ ریاست کے 13 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِن کے نام ہیں: Dhule، Dindori، ناشک، پال گھر، بھیونڈی، کلیان، تھانے اور ممبئی میں 6 پارلیمانی حلقے۔ تقریباً 2 کروڑ 46 لاکھ رائے دہندگان 264 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ مجموعی طور پر 41 ہزار 897 بیلٹ یونٹس اور 24 ہزار 579 کنٹرول یونٹس نیز VVPAT کا انتظام کیا گیا ہے۔ اِس مرحلے میں 160 حساس پولنگ بوتھ ہیں۔ پولنگ بوتھ کی نگرانی کرنے کیلئے ویب کاسٹنگ کی سہولیات رکھی گئی ہیں۔ کسی طرح کے غیرمتوقع واقعے کو روکنے کیلئے سکیورٹی کے مناسب انتظامات کئے گئے ہیں۔ پینے کا پانی، طبی سہولیات، بیت الخلاء، انتظار گاہوں، دن کے دوران کی سہولتوں کا انتظام کیا گیا ہے۔ ممبئی میں Best کی تقریباً 600 بسوں کو معذور رائے دہندگان کو پولنگ اسٹیشنوں تک لانے لے جانے کیلئے فراہم کیا گیا ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے مہاراشٹر کے ایڈیشنل چیف انتخابی افسر ڈاکٹر کرن Kulkarni نے رائے دہندگان پر انتخابی عمل میں شرکت کرنے نیز اُن سے اپنا حق رائے دہی استعمال کرنے پر زور دیا۔x

**Odisha Assembly Polls**

اڈیشہ میں کل دوسرے مرحلے کے انتخابات کے ساتھ ساتھ، 35 اسمبلی حلقوں میں بھی ووٹ ڈالے جائیں گے۔ 265 امیدوار میدان میں ہیں۔ اِس مرحلے میں اڈیشہ کے وزیرِاعلیٰ اور BJD سربراہ نوین پٹنائک کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ہوگا جو چھٹی بار، وزیرِاعلیٰ کا عہدہ حاصل کرنے کے امیدوار ہیں۔ 77 سالہ نوین پٹنائک دو حلقوں سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ یہ حلقے ہیں گنجم ضلعے میں Hinjili اور Balangir ضلعے میں کانٹابانجی۔ مرکزی مسلح پولیس فورس کی 102 کمپنیاں، پولنگ بوتھوں کی حفاظت کے لیے تعینات کی جائیں گی۔ سبھی بوتھوں میں سے 20 فیصد بوتھ حساس ہیں جن میں اڈیشہ کے، بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ کچھ ضلعے بھی شامل ہیں۔x

**Kargil Polling**

لداخ میں ضلعی انتخابی حکام اور کارگل پولیس نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ لداخ پارلیمانی حلقے میں صاف ستھری اور شفاف ووٹنگ کو یقینی بنانے کیلئے تمام ضروری انتظامات کرلئے گئے ہیں۔ اِس حلقے میں کل ووٹ ڈالے جائیں گے۔ 279 پولنگ اسٹیشنوں میں سے، انتخابی کمیشن کے طے کردہ ضوابط کی بنیاد پر، 118 پولنگ اسٹیشنوں کی حساس کے طور پر شناخت کی گئی ہے۔ اِن حساس اسٹیشنوں کیلئے فوجی اور غیر فوجی، دونوں طرح کے عملے سمیت جامع اقدامات کئے گئے ہیں۔ امن وقانون کو برقرار رکھنے اور رائے دہندگان کے آنے سے متعلق ضوابط کی تعمیل کرنے کیلئے تمام حساس پولنگ اسٹیشنوں پر سینٹرل آرمڈ پولیس فورس CAPF کے عملے کو تعینات کیا جائے گا۔x

**Campaigning**

باقی ماندہ پارلیمانی انتخابات کے دو مرحلوں کیلئے انتخابی مہم پورے زور وشور سے جاری ہے۔ انتخابات کا چھٹا مرحلہ اِس مہینے کی 25 تاریخ کو ہوگا جبکہ یکم جون کو ساتویں اور حتمی مرحلے کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ وزیر اعظم اور سینئر BJP لیڈر جناب نریندر مودی نے آج جھارکھنڈ اور مغربی بنگال میں بہت سی ریلیوں سے خطاب کیا۔ مغربی بنگال کی پرولیا، بشن پور اور Medinipur حلقوں میں عوامی جلسوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ TMC دراندازوں کا تو خیرمقدم کرتی ہے لیکن یہ ہندو اقلیتوں کی سخت مخالفت کرتی ہے جو تنگ ہونے کے بعد بھارت آئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ CAA کے تحت شہریت دینے کے عمل کا آغاز ہوچکا ہے اور کانگریس، ترنمول کانگریس اور بائیں بازو کی پارٹیاں اِسے روکنے کیلئے کچھ بھی نہیں کرسکتیں۔

S/B 2100 Modi Citizenship

جناب مودی نے کہا کہ حکمراں ترنمول کانگریس، ریاست کے ایس سی، ایس ٹی اور او بی سیز کے بارے میں نہیں سوچتی ہے۔ یہ کانگریس کی طرح کی مذہبی بنیاد پر ریزرویشن کے حق میں ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ TMC کی سازشوں کو روکنے کیلئے، مرکز میں ایک مستحکم اور پائیدار BJP کی حکومت ہونا ضروری ہے۔ انھوں نے کہا کہ جب تک مودی مرکز میں ہے وہ اُنھیں اپنے غلط ارادوں میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ جھارکھنڈ کے جمشید پور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ ملک کی ترقی کیلئے کاروبار انتہائی اہمیت کے حامل

ہیں۔ کانگریس پر تنقید کرتے ہوئے انھوں نے یہ کہا کہ اگر یہ پارٹیاں کاروباریوں اور سرمایہ کاروں کی مخالفت کرتی رہیں تو نوجوان کس طرح روزگار حاصل کرے گا۔

سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ نے، پریاگ راج کے پھول پور میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے آئی این ڈی آئی اے اتحاد پر حملہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ ملک کے عوام نریندر مودی کو تیسری مرتبہ وزیر اعظم دیکھنا چاہتے ہیں۔ سینئر BJP لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ نے NDA امیدوار کی حمایت میں Paschim چمپارن پارلیمانی حلقے کے Bettiah میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

جناب شاہ نے الزام لگایا کہ آئی این ڈی آئی اے اتحاد، ریزرویشن اور آئین کے معاملے پر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔

S/B 2100 Amit Shah Betia

دوسری جانب کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور SP لیڈر اکھلیش یادو نے الہ آباد حلقے میں ایک مشترکہ عوامی جلسے میں شرکت کی۔

جناب راہل گاندھی نے کہا کہ اگر آئی این ڈی آئی اے اتحاد کی حکومت بنتی ہے تو الہ آباد لوک سبھا حلقے کی ترقی دوگنی رفتار سے ہوگی۔ علاقے میں نئی صنعتیں قائم کی جائیں گی۔

S/B 2100 Rahul Gandhi Kisan

جناب اکھلیش یادو نے کہا کہ اتحاد، حلقے کو محفوظ کرنا چاہتا ہے۔ ہم آپ کو احترام کے ساتھ ساتھ روزگار بھی فراہم کریں گے۔

S/B - 2100 - Akhilesh

کانگریس رہنما اور مدھیہ پردیش کے سابق وزیراعلیٰ دِگ وجے سنگھ نے مہاراج گنج میں ایک پریس کانفرنس میں، آئی این ڈی آئی اتحاد کے، کانگریس امیدوار کی حمایت میں BJP پر جم کر نکتہ چینی کی۔ انہوں نے کہا کہ BJP اقتدار کے لیے جھوٹ بول رہی ہے۔

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے مئو میں ایک عوامی جلسے کا انعقاد کیا اور ضلعے کے گھوسی لوک سبھا حلقے کے پارٹی امیدوار کو کامیاب بنانے کی اپیل کی۔

بہار میںJDU صدر اور وزیراعلیٰ نتیش کمار نے ویشالی، گوپال گنج اور سیوان پارلیمانی حلقوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے پچھلے 17 سال میں NDA کی قیادت والی JDU-BJP حکومت کے تحت کیے گئے بہت سے ترقیاتی کاموں کا ذکر کیا۔ BJP، لوک جن شکتی پارٹی اور ہندوستانی عوام مورچہ کے سینئر رہنماؤں نے بھی مہارج گنج، سیوان، بکسر، آرا، جہان آباد اور دیگر انتخابی لوک سبھا حلقوں میں NDA امیدواروں کی حمایت میں عوامی جلسے منعقد کیے۔دوسری طرف سینئر کانگریس رہنما جے رام رمیش نے کہا کہ اُن کی پارٹی نے مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن کی حمایت کبھی نہیں کی۔ پٹنہ میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، جناب رمیش نے کہا کہ مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن غیرآئینی ہے۔×

## BJP-AAP

BJP نے آج دعویٰ کیا ہے کہ عام آدمی پارٹی، ممبر پارلیمنٹ سواتی مالیوال کے ساتھ دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کے پی اے Bhibav Kumar کی مبینہ بدسلوکی کے واقعے کا BJP پر جھوٹا الزام لگا رہی ہے۔ میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے دلّی BJP کے صدر وریندر سچدیوا نے کہا کہ اِس معاملے میں BJP کا کوئی کردار نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ سواتی مالیوال عام آدمی پارٹی کی رکن پارلیمنٹ ہیں، اور اُن کی اپنی پارٹی کے کنوینز کے پی اے نے اُن کے ساتھ بدسلوکی کی ہے۔ انھوں نے یہ بھی سوال کیا کہ جناب کیجریوال سواتی مالیوال کے واقعے پر خاموش کیوں ہیں۔

اِسی دوران، عام آدمی پارٹی کے سینئر لیڈر سوربھ بھاردواج نے، سواتی مالیوال بدسلوکی معاملے کے سلسلے میں عام آدمی پارٹی کے خلاف سیاسی اغراض پر مبنی سازش میں مبینہ طور پر شامل ہونے کا BJP پر الزام لگایا۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انھوں نے اس معاملے سے متعلق غلط ترجمانی کرنے میں دلّی پولیس کی مبینہ کوششوں پر سوال اٹھایا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ BJP، دلّی میں لوک سبھا انتخابات سے قبل عام آدمی پارٹی کو بدنام کرنے کیلئے ریاستی مشینری کا استعمال کر رہی ہے۔ انھوں نے عوامی پیمانے پر خفیہ معاملے کی دستاویزات کی تشہیر کے سلسلے میں دلّی پولیس اور BJP سے جواب دینے کا مطالبہ کیا۔x

## Heatwave

شمال مغربی بھارت، شدید گرمی کی گرفت میں ہے، دلی کے نجف گڑھ علاقے میں آج 47 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیئس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا جو ملک کا سب سے زیادہ درجۂ حرارت تھا۔

منگیش پور اور پیتم پورا میں بھی 47 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیئس اور 47 ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔ البتہ قومی راجدھانی میں زیادہ تر علاقوں میں، زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 45 سے 47 ڈگری کے درمیان رہا، جو معمول کے درجۂ حرارت سے چار سے چھ ڈگری تک زیادہ ہے۔

بھارت کے محکمۂ موسمیات کے مطابق دلی کے زیادہ تر علاقوں میں، پڑوسی ریاست راجستھان کے شہروں کے مقابلے موسم زیادہ گرم رہا۔

راجستھان ایک ایسی ریاست ہے جہاں تھار ریگستان ہے اور یہاں درجۂ حرارت 50 ڈگری سیلسیئس سے بھی تجاوز کر جاتا ہے۔

پڑوسی ریاست اترپردیش کے شہر آگرہ میں درجۂ حرارت دوسرے نمبر پر 47 اعشاریہ 7 ڈگری رہا۔

اسی دوران محکمہ موسمیات نے دلی، ہریانہ، پنجاب اور مغربی راجستھان کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے جبکہ مشرقی راجستھان، اترپردیش اور بہار کے لیے شدید گرمی کے سبب اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

محکمے نے کہا ہے کہ راجستھان، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور دلی کے کئی علاقوں میں بدھ تک شدید گرمی رہنے کا امکان ہے۔ ×

## Kerala Rain

کیرالہ میں شدید بارش جاری ہے۔ محکمہ موسمیات ریاست میں اگلے سات دن کے دوران گرج چمک کے ساتھ شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ Pathanamthitta، Alappuzha، Kottayam اور Idukki ضلعوں میں اگلے تین دن کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ Thiruvananthapuram ، کولّم اور Ernakulam ضلعوں کے لیے آرینج الرٹ جبکہ باقی سات ضلعوں کے لیے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ بارش تیز ہونے کے ساتھ ہی ضلع ہیڈکوارٹرز میں کنٹرول روم قائم کیے گئے۔ ریاست میں کانکنی کی سرگرمیوں پر روک لگا دی گئی ہے۔ پہاڑی علاقوں میں مٹی کے تودے کھسکنے اور سیلاب کے خطرے کے سبب ضرورت پڑنے پر شہریوں کو کسی محفوظ مقام پر منتقل ہونے کے لیے کہا گیا ہے۔

اِن علاقوں میں رات کو سفر کرنے اور سیاحتی سرگرمیوں پر بھی پابند لگا دی گئی ہے۔ ماہی گیروں سے کہا گیا ہے کہ وہ کیرالہ، کرناٹک اور لکشدیوپ سے سمندر میں نہ جائیں کیونکہ تیز ہوائیں چلنے اور خراب موسم کی صورتحال پیدا ہونے کا امکان ہے۔x

## Ladakh Pilgrims Haj

لداخ کے 335 عازمین حج پر مشتمل ایک گروپ نے آج مکہ میں عمرے کے فرائض انجام دیے۔ اس طرح انہوں نے اپنے اس مقدس سفر پر ایک اہم سنگ میل حاصل کیا ہے۔ لداخ کی حج کمیٹی کے چیئرپرسن محمد علی مجاز نے بتایا کہ اُن کے بہ حفاظت مکہ پہنچنے اور عمرہ کرنے سے نہ صرف عازمین، بلکہ اُن کے اہل خانہ کو بھی اطمینان ہوا اور وہ سبھی لوگ مناسک حج ادا کر کے 43 دن بعد گھر لوٹ آئیں گے۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ سری نگر اور لداخ کی حج کمیٹیوں کی مربوط کوششوں سے، عازمینِ حج کی روانگی میں آسانی ہوئی۔ اس اہم مذہبی فریضہ کو آسان بنانے میں، اُن کے جذبے اور بہترین منصوبہ بندی کی عکاسی ہوتی ہے۔لداخ سے دو خادم الحجاج (KuH) سمیت 335 عازمین حج کا ایک گروپ کل سری نگر سے مکہ کے لیے روانہ ہوا تھا۔x

## Prez Neelam Sanjive Reddy

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں، سابق صدر جمہوریہ نیلم سنجیوا ریڈی کی سالگرہ کے موقع پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ نیلم سنجیوا ریڈی 25 جولائی 1977 سے 25 جولائی 1982 تک چھٹے صدر جمہوریہ ہند رہے تھے۔ وہ آندھراپردیش کے ILLUR میں 19 مئی 1913 کو پیدا ہوئے تھے۔ جناب ریڈی بھارتی سیاست کی ایک قدآور شخصیت تھے نیز وہ اپنی ریاست کی ترقی کے حامی تھے۔x

## Iran Helicopter Crash

شمال مغربی ایران میں آج ایک ہیلی کاپٹر، جس میں ایران کے صدر ابراہیم رئیسی اور سینئر افسران سفر کر رہے تھے، حادثے کا شکار ہو گیا۔ اِس حادثے میں امکانی طور پر زخمی ہونے یا کسی طرح کے نقصان کی ابھی کوئی اطلاع

نہیں ملی ہے۔ یہ خبر ایران کی سرکاری خبررساں ایجنسی اِرنا نے دی ہے۔تفصیلات کا انتظار ہے۔ صدر رئیسی، ایران کی آزربائیجان سے متّصل سرحد پر ایک باندھ کے افتتاح کی تقریب کے بعد واپس آرہے تھے۔×

## World Para Atheletics

معذور ایتھلیٹس کی عالمی چمپئن شپ میں بھارتی ٹیم نے، اپنے پہلے تمغے حاصل کیے ہیں۔ اونچی چھلانگ لگانے والے نشاد کمار اور 200 میٹر کی رَنر پریتی پال نے آج جاپان کے کوبے شہر میں چاندی اور کانسے کے تمغے حاصل کیے۔ کمار نے، ٹوکیو پیرالمپکس میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا تھا اور اب انہوں نے مردوں کی T-47 اونچی چھلانگ کے فائنل میں دوسرا مقام حاصل کیا۔ انہوں نے ایک اعشاریہ نو-نو میٹر کی دوری طے کی۔ اِس طرح انہوں نے مقابلوں کے تیسرے دن بھارت کا پہلا تمغہ جیتا۔

امریکہ کے رَوڈرِک ٹاؤن سینڈ نے دو اعشاریہ صفر پانچ میٹر کی چھلانگ لگا کر سونے کا تمغہ جیتا۔×

## Shooter Manu Bhaker

اولمپک شوٹر Manu Bhaker اولمپک سلیکشن ٹرائلس رائفل/پسٹل میں انتہائی کامیاب ایتھلیٹ بن کر ابھری ہیں۔ انھوں نے آج بھوپال میں اِس مشق کے اختتامی دن میں دس میٹر ایئر پسٹل میچ میں جیت حاصل کی ہے۔ مجموعی طور پر یہ دو مقابلوں کے ٹرائلس میں Manu کی چوتھی جیت تھی جبکہ اُن کی دوسری جیت، خواتین کے 25 میٹر اسپورٹس پسٹل مقابلے میں تھی۔ Manu نے، مدھیہ پردیش ریاستی شوٹنگ اکیڈمی رینج کے فائنل میں دس میٹر ایئر پسٹل مقابلے میں 240 اعشاریہ آٹھ شاٹ لگائے۔ اِس مقابلے میں Hangzhou ایشین گیمز کی چمپئن، Palak دوسرے مقام پر رہیں جبکہ Rhythm Sangwan تیسرے مقام پر رہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆